15/06/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمد عظم سے خبریں سُنئے

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی آج صبح قُبرص، کنیڈا اور کروشیا کے کے 5روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔تین ملکوں کا اُن کا یہ دورہ قُبرص کے دورے کے ساتھ شروع ہو گیا۔ وزیر اعظم کا یہ دورہ کا فی اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ قُبرص، کشمیر، سرحد پار کی دہشت گردی اور قوام متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاحات پر بھارت کے موقف کی مسلسل حمایت کر تا رہا ہے۔

سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کنیڈا کا دورہ کریں گے ، جس G-7 قُبرص سے وزیر اعظم دوران اہم عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ نریندرمودی دورے کے آخری مرحلے میں کروشیا جائیں گے۔

روانگی سے قبل ایک بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کے دورے سے ان ممالک کے ساتھ مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے نئے مواقعے پیدا ہونگے۔

LG پہلگام

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کل پہلگام میں یاترا کے ننون بنیادی کیمپ کا دورہ کرکے۔3جولائی سے شروع ہونے والے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر ایل جی نے کہا کہ جمونوکشمیر کے 16 سیاحتی مقامات جنہیں احتیاطی طور بند کیا گیا تھا۔ پھر سے سیاحوں کیلئے کھولے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام میں بےتاب ویلی اور دیگر پارکیں نیز ویری ناگ، کوکرناگ اور اچھہ بل باغات کو17جون سے سیاحوں کیلئے کھولا جا رہا ہے جبکہ سرینگر اور جموں صوبے کی کئی پارکوں اور سیاحتی مقامات کو بھی مرحلہ وار طریقوں سے سیاحوں کیلئے کھولا جائے گا۔

لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ آنے والی سالانہ امر ناتھ جی یاترا کا احسن انعقاد کشمیر میں سیاحت کے بحالی میں کا فی مدد گار ثابت ہوگا۔

سنجے جاجو

اطلاعات و نشریات وزارت کے سیکریٹری سنجے جاجو نے لوگوں تک جانکاری اور تفریحی پروگرام پہنچانے کے لئے نئے نئے پلیٹ فارموں کو بروئے کار لانے کی ضرورت کو اُجاگر کیا ہے۔ کل آکاشوانی سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوننے خبروں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے پر بھی زور دیا۔

اس سے پہلے سیکریٹری موصوف نے دوردرشن کیندر سرینگر میں ایک خصوصی میٹنگ کے دوران دوردرشن اور دیگر میڈیا یونٹوں کی کارگذاری کا بھی جائزہ لیا۔

بزرگ دن

آج بزرگوں کو حراساں کئے جانے کے خلاف جانکاری عام کرنے کا عالمی دن ہے۔ اس دن کے حوالے سے کئی پروگرام منعقد کئے جا ر ہے ہیں۔

یو گا

21 جون کو منائے جانے والے یو گا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں بڑے پیمانے پر ملک بھر میں تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ جدید دور میں مختلف چلینجوں سے بھر ی دنیا میں یو گا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

انسان کی ذہنی و جسمانی نشو نما پر یوگا کے مثبت اثرات کے حوالے سے معروف یوگا تھرپسٹ اور یو گا سوسائٹی آف کشمیر کے بانی ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار کے تاثرات۔

-(Shabir Ahmad)--Byte--

ہیلپ لائن

ایران اور اسرائیل کے درمیان میزائل بمباری کا سلسلہ جاری ہے جسسے خطے میں صورتحال مزید کشیدہ ہو تی جا رہی ہے۔

پی ڈی پی لیڈر التجا مفتی نے اطلاع دی کہ ایران میں درماندہ کشمیری طلاب علم بھارتی سفارت خانے کے ساتھ فون نمبرات

989128109115

اور

989128109109

پر وٹس اپ مسیج یا کال کر سکتے ہیں۔

شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے وزارت خارجہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ایران میں موجود کشمیری طلاب علموں کی محفوظ وطن واپسی یقینی بنائے۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے خطے میں ابتر سلامتی صورتحال کے پیش نظر اس ضمن میں موثر اقدامات اُٹھانے کیلئے کہا ہے۔

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں جل شکتی محکمہ کی طرف سے اٹھائے گئے اُن اقدامات کا جائزہ لیا، جن کا مقصد یوٹی میں ہر کھیت کیلئے جامع آبپاشی کوریج کو یقینی بنانا اور سیلاب کے خطرات پر قابو پانے کے نظام کو مضبوط بنا نا ہے۔ انہوننے اس ضمن میں محکمہ جل شکتی، محکمہ زراعت اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان احسن تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف سیکریٹری نے توی ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

بارہمولہ

بارہمولہ سیول سوسائٹی کی طرف سے کل" ورمُل ڈے" منانے کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر بولتے ہوئے ضلع ترقیاتی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے شہریوں سے زور دیکر کہا وہ تمام شعبوں کی مجموعی ترقی یقینی بنانے میں ایک تعمیری رول ادا کرے۔

تقریب پر MLA بارہمولہ، MLA اوڑی، اور MLA سوپور MLA-واگورہ کریری بھی موجود تھے

ہندوارہ

ہندوارہ پولیس نے کل گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول عشپورہ اور ایکسائز ڈیپاٹمنٹ کے اشتراک سے ہندوارہ میں ایک روڈ شو منعقد کیا۔ اس روڈ شو کا مقصد لوگوں میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا تھا۔

ایسی ہی ایک کوشش کے تحت پولیس نے پولیس تھانہ لنگیٹ کے دائرے اختیار کے تحت آنے والے کئی علاقوں میں تقریباً 30کنال اراضی پر کاشت کی گئی بھنگ کو تباہ کیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ